مدرسہ ضیاء الاسلام
MADRASSA ZIA-UL-ISLAM

جامع مسجد بلالؓ
JAME MASJID BILAL

نزد ماڈل ٹاؤن کچہری، نواز شریف کالونی، فیروز پور روڈ لاہور

WhatsApp # +92 300 4000568 Email: asifmd313@gmail.com

تاریخ 2.4.2020

ایس او ایس چلڈرنز ویلیجز آف پاکستان

نیشنل آفس

409۔ مین فیروز پور روڈ لاہور

اسلام وعلیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔

آپ کی تحریر میں منسلکہ جو طریقہ کار ذکر کیا گیا ہے کہ وہ شریعت مطہرہ کے عین مطابق ہے البتہ زکوۃ کے علاوہ دیگر صدقات واجبہ جیسے نذر، منت، فطرانہ وغیرہ کا مصرف بھی زکوۃ جیسا ہی ہے کہ ایسی رقم کو مستحق کا مالک بنا کر دینا ضروری ہے۔ لہذا زکوۃ اور دیگر صدقات واجبہ کی رقم تعمیراتی کاموں میں استعمال کرنا جائز نہیں ہے، جیسا کہ مستند اور مشہور کتاب فتاوی شامی میں لکھا ہے، ''لا یصرف الی بناء نحو مسجد ولا الی کفن میت وقضاء'' زکوۃ کی رقم مسجد کی تعمیر، میت کے لئے کفن اور قرض کی ادائیگی کے لیے صرف کرنا جائز نہیں ہے۔ الخ (فتاوی شامی ج 2 ص 85)۔

اس طرح فتاوی علمگیری میں ہے، ''ولا یجوزان یبنی بالزکوۃ المسجد وکذا القناطیر ع السقایات واصلاح الطرقت وکری الانھار والحج'' زکوۃ کی رقم سے مسجد اور دیگر تعمیرات، راستوں اور نہروں کی کھدائی میں صرف کرنا جائز نہیں ہے اور نہ ہی زکوۃ سے حج کروانا جائز ہے (فتاوی علمگیری ج 1 ص 188) لہذا تعمیراتی کاموں اور عملے کی تنخواہوں کی رقم عطیات کے فنڈز سے ادا کیجائے! جیسا کہ مندرجہ بالا تحریر میں بھی واضح کیا گیا ہے کہ ادارہ زکوۃ کی رقم تعمیراتی کاموں میں استعمال نہیں کرتا۔

واللہ اعلم بالصواب

مفتی آصف محمود خطیب جامع مسجد بلال

مہتمم مدرسہ ضیاء الاسلام

مولانا مفتی آصف محمود

SOS CHILDREN'S VILLAGES PAKISTAN

A loving home for every child

۲۸ فروری، ۲۰۲۰

اسلام علیکم،

سائل علمائے کرام اور مفتیانِ دین متین سے بصد احترام دریافت کرنا چاہتا ہے۔ بابت حصول اور استعمال زکوٰۃ، صدقات، عطیات وغیرہ۔

شہر لاہور میں ایک ادارہ یتیم اور لاوارث بچوں کی فلاح و بہبود کیلئے، ایس او ایس چلڈرن ویلجز پاکستان کے نام سے گزشتہ ۴۵ برس سے قائم ہے۔ یہ ادارہ ان بچوں اور بچیوں کی رہائش، خوراک، لباس، تعلیم وصحت، سماجی زندگی کی تمام ضروریات اعلیٰ معیار کے مطابق مہیا کر رہا ہے۔ ادارہ کے وسائل جن سے وہ تمام ضروریات کو پورا کرتا ہے وہ صاحبِ حیثیت لوگوں کے عطیات، صدقات، خیرات اور زکوٰۃ پر مشتمل ہے۔

ادارہ ان تمام وسائل کو صرف مندرجہ بالا اخراجات، جوان بچوں کی روزمرہ کی زندگی سے متعلق ہیں خرچ کرتا ہے۔ تعمیری مقاصد کیلئے صاحبِ حیثیت لوگ جو مخصوص عطیات دیتے ہیں وہ اِن مخصوص مقاصد کیلئے استعمال کیے جاتے ہیں۔

سائل اس امر کی تصدیق چاہتا ہے کہ یہ ادارہ زکوٰۃ کے حصول کا شرعی تقاضوں کے مطابق اہل ہے، اور زکوٰۃ کی ادائیگی کرنے والوں کو اس بات کا اطمینان ہونا چاہیئے کہ ادارہ کو دی گئی ان کی زکوٰۃ شریعت کے مطابق ادا ہوگئی۔

حسن عسکری

حسن عسکری

فنانس مینجر

مولانا مفتی آصف محمود

SOS CHILDREN'S VILLAGE OF PAKISTAN

SOS Children's Villages Pakistan
National Office
409-Ferozepur Road,
Lahore-54600
Pakistan

T +92 42 35918035-36
+92 42 35917846-47
F +92 42 35917843
national@sos.org.pk
www.sos.org.pk
SOSPK

Member of SOS Children's Villages International